Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

20 مئی، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

اس ہفتے کی ابتدا میں، ہم نے موسم گرما تعلیم کے منصوبے کا اعلان کیا تھا، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے طلبا ان کے لیے موسم خزاں میں اسکول واپس آنے کے لیے درکار تعلیمی معاونت میں شمولیت کر سکیں اور اس کو موصول کر سکیں۔ آج ہم آپ کو گرما کے کیلنڈر کی ایک ایسی تازہ ترین خبر سے آگاہ کرنے کے لیے تحریر کر رہے ہیں جس کو محکمۂ تعلیم کی برادری کی آرا سے لیا گیا ہے۔

ایلیمنٹری اور مڈل اسکول کے وہ طلبا جن کے لیے گرما اسکول مطلوب ہے یا جن کے لیے تجویز کیا گیا ہے، پروگرام کا انعقاد **بروز پیر، 6 جولائی تا منگل، 11 اگست** تک کیا جائے گا۔ پروگرام کے دورانیے یا ساخت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔

ہائی اسکول کے جو طلبا گرما اسکول میں شرکت کریں گے، ان کے لیے کورسز کا آغاز ایک ہفتہ قبل ہو گا اور اس کا **انعقاد پیر، 6 جولائی تا جمعہ، 14 اگست** تک کیا جائے گا۔ دونوں پروگراموں کے دورانیے یا ساخت میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔

12 ماہ کے انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) خدمات کے حامل طلبا کے کیلنڈر میں کوئی تبدیلی کی جائے گی۔ ہمارے اساتذہ بدھ 1 جولائی کو آغاز کریں گے اور طلبا سے **جمعرات، 2 جولائی تا جمعرات 13 اگست** تک شرکت کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

یہ تبدیلی تمام طلبا کی تعلیم میں تیزی لانے میں مدد کریں گی۔ موسم گرما کا آغاز جلد کرنے سے — اس کا اختتام معمول کے تعلیم سال کے قریب کرنے سے — طلبا کی مسلسل تعلیم میں مدد کرے گی۔ پروگرام کا اختتام قبل از وقت کرنے سے اگست کے مہینے میں اہل خانہ کو اپنے آرام کو جاری رکھنے میں مدد ملے گی۔

حقیقت میں اس بحران سے نمٹتے ہوئے ہم آپ کے مسلسل تحمل اور لچک کو سراہتے ہیں۔ آپ کے بچے کی صحت، تحفظ اور مسلسل تعلیمی کامیابی سے زیادہ کوئی اور چیز اہم نہیں ہے: ہم اس اہم جدوجہد میں آپکی شراکت کا پہلے سے کہیں زیادہ شکریہ ادا کرتے ہیں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم